QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 123

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 17 نومبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ منصوبے کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ کی توسیع اور دیگر ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں بجلی کے نئے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کیلئے 18 نومبر کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv ملک پلانٹ، شہباز ٹاون۔مری آباد گرڈ کے کاسی ون، کاسی ٹو فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ کچلاک گرڈ اسٹیشن کے باچا آغا اور ستار فیڈروں سے صبح 9 بجے تا شام 5 بجے بجلی بند رہے گی نیز اسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ فیڈروں سے دن 11 بجے تا سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ 19 نومبر کو (بروز بدھ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لیاقت بازار، اولڈ جان محمد، نیو جان محمد روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv مالک، عالم خان، نواں کلی فیڈرز سے 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی نیز اُسی روز شیخ ماندہ گرڈ کے گارڈن ٹاون، ایف سی اور تکا تو فیڈروں سے صبح 9 بجے تا شام 5 بجے جبکہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے سریاب مل، واسا، ایف جی ایس، شموزئی، شاہنواز، اولڈ اور نیو میاں غنڈی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

دریں اثناء 220Kv لورالائی گرڈ اسٹیشن پر 18 نومبر سے 23 نومبر تک (روزانہ) صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک نئے تنصیبات کی انسٹالیشن کا کام کیا جائے گا جس کے باعث اس دورانیہ میں تقریباً 30 میگاواٹ برقی قلت پیدا ہوگی جسے متبادل انتظام کے تحت لوڈ مینجمنٹ کے زریعے پورا کیا جائے گا۔

علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کاموں کے سلسلے میں 18 نومبر کو قلعہ سیف اللہ، جھل مگسی اور گنداخہ گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ 19 نومبر کو بھاگ اور روجھان جمالی گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 18 نومبر اور 20 نومبر کو (روزانہ) شاہرگ اور ہرنائی گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 8 بجے تا شام 4 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

###